تعارف و تبصرہ کتب

اکرام اللہ ساجد کیلانی

نام کتاب . . . تفسیر سورۃ اخلاص

تصنیف . . . شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ

ترجمہ . . . . مولانا غلام ربانی، بی - اے

ضخامت . . . . ۳۵۰ صفحات

قیمت . . . . ۲۱ روپے

(سفید کاغذ، آفسیٹ کتابت وطباعت، پیپر بیک کور خوبصورت دیدہ زیب ٹائیٹل)

ناشر . . . مکتبہ نذیریہ، قینچی امر سدھو۔ فیروز پور روڈ، ڈاکخانہ کوٹ لکھپت۔ لاہور

شیخ الاسلام امام ابن تیمیہؒ کا اسم گرامی محتاج تعارف نہیں۔ آپ بہت سی بلند پایہ تصانیف کے مصنف ہیں ——— عموماً یہ سمجھا جاتا ہے کہ جس مصنف کی تصانیف زیادہ ہوں، وہ تحقیق و تدقیق کے معیار سے گر جاتی ہیں۔ لیکن امام ابن تیمیہؒ اس سے مستثنیٰ ہیں۔ آپ کی تصانیف کو پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ زبردست قوتِ آخذہ کے مالک اور آپ کا علم بہت وسیع اور عمیق تھا۔ تھوڑے سے وقت میں مضامین اور خیالات کا ایک دریا بہا دیتے اور اس سلسلہ کی ضمنی باتوں کو بھی تفصیل کے ساتھ بیان کر دیتے۔

آپ کی زیر نظر کتاب "تفسیر سورۃ اخلاص" بھی علمی مضامین کا ایک بحرِ ذخار ہے۔ جس کی تلاطم خیز امواج کے سامنے فرقہ ہائے ضالہ خس و خاشاک کی طرح بہتے نظر آتے ہیں ——— چنانچہ سورۃ اخلاص کی تفسیر میں کتاب و سنت کے بیشمار نئے نئے نکات و معارف کے انکشاف کے علاوہ اس میں عیسائیت، ہندوازم، مادہ پرستی، قدریت، جہمیت اور رافضیت جیسے باطل نظریات پر کڑی تنقید کی گئی ہے۔ اور خالص توحید کو مدلل انداز میں پیش کیا گیا ہے۔

موجودہ دور میں فلمی رسائل اور ڈائجسٹ جس بری طرح اخلاق و کردار پر، اور بے سند و بلا حوالہ نام نہاد دینی کتابیں عقائد و ایمان پر ڈاکے ڈال رہی ہیں، ضرورت ہے کہ ایسی مستند علمی اور تحقیقی کتابوں کو منظرِ عام پر لایا جائے جن کا پڑھنا بھی ثواب ہے، خریدنا بھی ثواب، زیورِ طباعت سے آراستہ کرنا بھی ثواب، اور جن کا گھر میں رکھنا بھی موجبِ خیر و برکت ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مولانا محمد حنیف یزدانی ناظم مکتبہ تدبیریہ کو ایسی ہی مزید بلند پایہ مصلح احوال و اعمال کتابیں عوام کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت بخشے اور مصنف علیہ الرحمۃ کی قبر کو نورِ ایمانی سے منور فرمائے، آمین!

ترجمان کی ایجنسیاں

- ملک اینڈ سنز نیوز ایجنٹ بک سیلرز، ریلوے روڈ سیالکوٹ۔
- قریشی بک ڈپو شکر گڑھ۔ ضلع سیالکوٹ۔
- محمد سعید صاحب ایجنسی کھجور مارکہ صابن، بازار ناندلیانوالہ ضلع فیصل آباد
- حاجی ملک محمد ابراہیم صاحب دکاندار مین بازار ٹیکسلا، تحصیل و ضلع راولپنڈی۔
- مولانا محمد عبداللہ صاحب، خطیب جامع اہلحدیث، صدر، راولپنڈی۔
- حکیم محمد یوسف صاحب زبیدی جامع مسجد اہلحدیث۔ شاہ فیصل شہید روڈ لعل چند باغ میرپور خاص (سندھ)
- دانش بکسٹال بالمقابل ریلوے سٹیشن گوجرانوالہ ٹاؤن۔
- خواجہ نیوز ایجنسی لودھراں، ضلع ملتان۔
- حافظ عبدالحق صاحب معرفت مولوی علی احمد صاحب کریانہ سٹور، تحصیل بازار، بہاولنگر
- مرکز ادب حسین آگاہی، ملتان شہر۔
- محمد ابراہیم صاحب نیوز ایجنٹ، عباس سائیکل ورکس، بلاک نمبر ۱۹، سرگودھا۔
- مولانا محمد اسماعیل صاحب خادم مسجد ایس پور بازار، فیصل آباد
- میاں عبدالرحمان حماد صاحب خطیب جامع مسجد اہل حدیث، قبولہ ضلع ساہیوال۔
- محمود برادرز کریانہ مرچنٹس انجمن بازار، ہارون آباد، ضلع بہاولنگر۔
- الیاس صاحب کمبوہ، کمبوہ ہوٹل، شہداد کوٹ۔ ضلع لاڑکانہ (سندھ)
- تنائن ادب، چوک نیلا گنبد۔ لاہور